پریس ریلیز

شیل پاکستان کی جانب سے سنہ 2020ء کی تیسری سہ ماہی کے لیے منافع کا اعلان

کراچی، 28 اکتوبر، 2020: شیل پاکستان لمٹیڈ کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے سنہ 2020ء کی تیسری سہ ماہی کے لیے مالی نتائج کا اعلان کر دیا ہے۔ اس اعلان کے مطابق کمپنی کو 1,812 ملین روپے کا بعد از ٹیکس منافع حاصل ہوا ہے جب کہ گزشتہ برس، اسی عرصے کے دوران، 570 ملین روپے کا منافع ہوا تھا۔

کورونا کی وبا کے باعث، کمپنی کے مالی گوشوارے مجموعی طور پر، اب بھی، ایک مشکل صورت حال پیش کرتے ہیں کیوں کہ اس وبا کی پہلے کوئی مثال نہیں ملتی ہے اور جس کی وجہ سے ایندھن کی طلب میں کمی اور تیل کی بین الاقوامی قیمتوں میں غیر یقینی صورت حال ہے۔ سنہ 2020ء کے اِن نو (9) مہینوں کے دوران، امریکی ڈالر کے مقابلے میں پاکستانی روپے کی قدر میں، مزید 6 فیصد، کمی ہوئی۔ اگرچہ اِس سہ ماہی کے دوران، پاکستانی روپے کی قدر کسی حد تک مستحکم رہی لیکن اِس کے اثرات کمپنی کے مجموعی نتائج پر محسوس کیے گئے۔ در آمد پر انحصار کرنے والی صنعت کا حصہ ہونے کے باعث، جہاں ہمارے اخراجات کا بڑا تناسب غیر ملکی کرنسی میں ہوتا ہے، پاکستانی روپے کی قدر میں اس کمی کا ہمارے اخراجات پر اثر پڑا، جس کے نتیجے میں، ہماری مالی کارکردگی بھی متاثر ہوئی۔

شیل پاکستان نے Shell@Home سروس متعارف کرائی جو آئل کی تبدیلی اور کار کیئر سروسز کسٹمرز کی دہلیز پر فراہم کرتی ہے۔ شیل لیوبریکینٹس کی فروخت میں بھی نمایاں اضافہ ہوا جو گزشتہ سہ ماہی کے مقابلے میں 40 فیصد زیادہ ہے۔

شیل پاکستان لمٹیڈ کی توجہ توانائی کے شعبے میں پاکستان کی ترقی کے لیے اہم کردار ادا کرنے پر مرکوز ہے اور یہ مالی کارکردگی میں بہتری کیلیے پر عزم رہنے کے ساتھ تحفظ اور تعمیل بھی یقینی بنا رہا ہے۔